103

II

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - II
URDU, Paper - I
(Second Language)

Time : 3 Hours] **[Max. Marks : 100**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

.1 مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی تشریح کیجئے : $2 \times 3 = 6$

(1) مگر لکھوائے کوئی اس کو خط تو ہم سے لکھوائے
ہوئی صبح اور کان پر دھر کر قلم نکلے

(2) طبعیت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسے میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

(3) جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(4) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

.2 متن کے حوالے سے کوئی دو جملوں کی تشریح کیجئے : $2 \times 5 = 10$

(1) ''اُس وقت مرزا صاحب اسی کوٹھری میں کسی دوست کے ساتھ چوسر یا شطرنج ......''

(2) ''اجی واہ خوب کہو ہو اللہ کا کرنا تھا، اجی وہ تو دیوے ہے اُسے لے کے کیا کرنا ہے۔''

(3) ''چھوٹی آپا نے بھی تعلیم حاصل کی لیکن میٹرک کے بعد والدین نے اُن کی تعلیم کا سلسلہ منقطع کر دیا۔''

(4) ''دونوں بولتے ہیں، ضد کرتے ہیں، جھگڑتے ہیں، رُوٹھتے ہیں اور اپنے اپنے گھر کا راستہ لیتے ہیں۔''

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) ''ایک پہاڑ اور گلہری''

(2) ''مُناجات''

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) افسانہ ''اللہ دے بندہ لے'' کا خلاصہ لکھئے۔

(2) بارغِ امید کے دو دروازے کا خلاصہ لکھئے۔

5. ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) مضمون ''مولانا ابوالکلام'' کے حوالے سے مولانا آزاد کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کو تحریر کیجئے۔

(2) مضمون ''کھویا ہوا چاند'' میں قدیم رسمِ احترام کو کیوں اور کس لئے منایا جاتا تھا ؟

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجئے : $2 \times 5 = 10$

(1) غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(2) غزل کی تعریف کیجئے اور کسی دو شعراء کے نام لکھئے۔

(3) ساحرؔ لدھیانوی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(4) محمد قلی قطب شاہ پر نوٹ لکھئے۔

7. مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات لکھئے : $5 \times 1 = 5$

(1) کالج کے زمانے میں ساحرؔ لدھیانوی کن جریدوں کے ایڈیٹر رہے ؟

(2) علامہ اقبالؔ کے کوئی دو فارسی شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

(3) نظم ''مُناجات'' کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے ؟

(4) شہر حیدرآباد کی بنیاد کس شاعر نے ڈالی ؟

(5) نظم ''اے شریف انسانو !'' کس موضوع پر لکھی گئی ؟

8. خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) رشید احمد صدیقی کے مضمون کا عنوان ________ ہے۔

(2) چھوٹی آپا عمر میں جاوید صاحب سے ________ تھیں۔

(3) ''امریکہ میری عینک سے'' ________ کا سفرنامہ ہے۔

(4) فخرو کے جوتے ________ میں چوری ہو گئے۔

(5) غالبؔ کی وفات ________ سنہ میں ہوئی۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 5 × 1 = 5

''جب ماں مرتی ہے تو ماں نہیں مرتی، بہت کے وجود میں زندہ رہتی ہے میری سب سے بڑی بہن حیات ہیں۔ وہ اپنے خدوخال اور ناک نقشے میں تھیں تو ہمارے والد سے مشابہ لیکن سیرت و کردار میں، ہماری ماں کی جھلک ان میں مجھے کچھ زیادہ ہی ملتی تھی۔ میٹرک کے بعد والدین نے ان کی تعلیم کا سلسلہ منقطع کرا دیا۔''

(1) کون مرتی ہے تو کسی کے وجود میں زندہ رہتی ہے ؟

(2) جاوید صاحب کی بڑی بہن کا نام کیا تھا ؟

(3) کون کس کے مشابہ ہوا کرتی تھیں ؟

(4) چھوٹی آپا میں کس کی جھلک دکھائی دیتی تھی ؟

(5) چھوٹی آپا کی تعلیم کا سلسلہ کب کس نے منقطع کرا دیا ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی درج کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) علَم (2) اسمِ ذات (3) اسمِ خاص

(4) لقب (5) تخلص

11. ضمیر کی تعریف کرتے ہوئے اُس کی قسموں کے نام بتایئے۔ 1 × 5 = 5

.12 ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) جمیل شرارتی لڑکا ہے۔

(2) گلاب کا پھول خوبصورت ہوتا ہے۔

(3) شبِ قدر کی رات نورانی رات ہے۔

(4) آج چاندنی رات کا سماں بہت ہی نرالا ہے۔

(5) بچوں کی فطرت معصوم ہوتی ہے۔

.13 کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھئے : 5 × 1 = 5

(1) دشمن	(2) ہار	(3) آسمان	(4) چاند	(5) مشکل
(6) آگے	(7) سچ	(8) مشرق	(9) بلند	(10) بُرا

.14 ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے واحد یا جمع لکھئے : 5 × 1 = 5

(1) قدر	(2) دور	(3) اوقات	(4) ترکیب	(5) یوم
(6) اوراق	(7) اضلاع	(8) خواہشات	(9) افکار	(10) غزل

.15 مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھئے : 5 × 1 = 5

(1) مکڑی	(2) چیونٹا	(3) شیشی	(4) ٹوکرا	(5) سید
(6) شہزادہ	(7) ناگ	(8) ادیبہ	(9) محترمہ	(10) لڑکا

.16 انگریزی الفاظ کا اُردو میں ترجمہ کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) Emperor	(2) Promise	(3) Field
(4) Poetess	(5) Gentleman	